23/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  محمد اعظم سے خبریں سُنئے

ایوارڈ

ہمایوں مزمل بٹ کو بعد از مرگ کیرتی چکر عطا کیا  DySP جموں کشمیر پولیس کے جان بحق گیا ہے ۔ اس سلسلے میں نئی دلی کے راشٹر پتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل مسلح افواج ، CRPF  اور ریاستوں نیز یوٹی پولیس کے منتخبہ بہادر جوانوں کو چھ کیرتی چکر اور 33 شوریہ چکر ایوارڈ عطا کئے ۔ چھ کیرتی چکر ایوارڈوں میں سے چار اور 33 شوریہ چکر ایوارڈوں میں سے سات ایوارڈ بعد از مرگ عطا کئے گئے ۔ بعد از مرگ ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں رائفل مین روی کمار ، کرنل منپریت سنگھ اور نائک دلاور خان شامل ہیں ۔ انھوں نے جموں کشمیر اور شمالی مشرقی خطے میں دہشت گردی مخالف کاروائیوں کے دوران بے مثال بہادری کا مظاہرہ کر کے اپنی جانیں نچھاور کی تھیں ۔

لیفٹنٹ گورنر ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے کل کئی اہم شخصیات نے ملاقات کر کے ان کے ساتھ بعض اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔ ایم ایل اے ڈورو اور کل ہند کانگریس کمیٹی کے جنرل سیکریٹری غلام احمد میر نے ایل جی سے ملاقات کر کے ان سے سیاحتی سیکٹر سے متعلق کچھ معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

ادھمپور ایسٹ کے ایم ایل اے رنبیر سنگھ پٹھانیہ نے منوج سنہا سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ سرحدی شیلنگ سے متاثرہ کنبوں کو در پیش معاملات پر گفت شنید کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تجارتی طبقے کے جائز خدشات کو حل کرنے کے اپنی حکومت کے عزم کا اعادہ کر تے ہوئے خطے میں اقتصادی سرگرمیوں کو تازہ دم کرنے کی یقین دہانی کرائی ۔ وزیر اعلیٰ ان سے ملنے آئے ہوئے کشمیر وادی کے ٹریڈرس کے ایک وفد کے ساتھ بات کر

رہے تھے ۔ وفد کی قیادت کشمیر ٹریڈرس اینڈ مینو فیکچررس فیڈریشن کے چیر مین محمد یٰسین خان کر رہے تھے ۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ وہ دستیاب وسائل کا منصفانہ استعمال یقینی بناتے ہوئے اقتصادی ماحول کو مضبوط کرنے کی سمت میں کام کریں گے

**CBI**

مرکزی تحقیقاتی ایجنسی نے جموں کشمیر کے سابق گورنر ستیہ پال ملک اور دیگر چھ افراد کے خلاف رشوت خوری کے ایک معاملے میں فردِ جرم درج کی ہے ۔ یہ معاملہ کیڑو پن بجلی پروجیکٹ کا ٹھیکہ الاٹ کرنے اور اس میں مبینہ طور سے مالی خرد برد کئے جانے سے متعلق ہے ۔ جموں کشمیر سرکار نے 2022 میں CBI کو اس معاملے کی تحقیقات کرنے کے لئے کہا تھا ۔ درج کیا گیا

**گرمی**

جموں کشمیر کے مختلف حصوں میں گرمی کی شدت میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے ۔ گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں ڈیپارٹمنٹ آف انٹر نل میڈیسن کے ایسوسیٹ پروفیسر ڈاکٹر عرفان علی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر کے بارے میں کہا۔

**........Dr. Irfan...........**

**سکول اوقات کار**

دریں اثنا محکمہ سکولی تعلیم کشمیر نے وزیر تعلیم سکینہ ایتو کی ہدایت پر ایک حکمنامہ جاری کیا ہے جس کی رو سے 26مئی سے شہر سرینگر کے میونسپل حدود میں آنے والے تعلیمی اداروں میں اوقات کار صبح ساڑھے 8بجے سے دوپہرا ڈھائی بجے تک ہوں گے ۔ ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا کہ سرینگر ضلع میں میونسپل حدود سے باہر اور وادی کے دیگر علاقوں کے اسکولوں میں سوموار سے اوقات کار صبح 9بجے سے سہ پہر تین بجے تک ہوں گے۔

**SOPS**

جموں کشمیر خاص کر کشمیر وادی میں شدید گرم لہر کے پیش نظر محکمہ سکولی تعلیم نے سکولوں کے لئے کچھ معیاری رہنما خطوط جاری کئے ہیں ۔ ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کی طرف سے جاری کئے گئے ایک تفصیلی سرکیولر میں سکولوں سے کہا گیا ہے کہ وہ
چھاو

ں والے مقامات پر مختصر مارننگ اسمبلی کروائیں ۔ اسی طرح سے کھیل کود اور دیگر آوٹ ۂ ڈور سرگرمیاں صبح ساڈھے دس بجے سے پہلے پہلے انجام دی جانی چاہئے اور بچوں کو وقفے وقفے سے پانی پیتے رہنا چاہئے ۔ سکول منتظمین سے کہا گیا ہے کہ وہ کلاس رومز میں اور ٹھنڈک کا مناسب انتظام کریں ۔ سکولوں سے ساتھ ہی یہ بھی کہا گیا ہے کہ Ventillation وہ فرسٹ ایڈ کی سہولیات بھی دستیاب رکھیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ